الف: بائبل کی آیات کی یاددہانی کی حوصلہ افزائی۔

1۔ **بائبل کی یاد کی ہوئی آیات شیطانی قوت پر غالب آنے میں مدد کرینگی۔**

پڑھیں: اِفسیوں ۶:۱۱،۱۶؛ متی ۴:۲-۴۔

2۔ **بائبل کی یاد کی ہوئی آیات اِس جھوٹی اور ٹیڑھی دُنیا میں سچے، پاک اور معتبر طور پر رہنے میں مدد کرتی ہیں۔**

پڑھیں: زبور ۱۱۹:۹-۱۱۔

3۔ **بائبل کی یاد کی ہوئی آیات اِنسانوں کے سوالوں کا اِلٰہی جواب دینے میں مدد کرتی ہیں۔**

پڑھیں: متی ۱۹:۳-۶؛ لوقا ۱۰:۲۵-۲۶۔

4۔ **بائبل کی یاد کی ہوئی آیات جھوٹی تعلیم کو جھوٹا ثابت کرنے اور اُسکو ظاہر کرنے میں مدد کرتی ہیں۔**

پڑھیں: متی ۲۲:۲۳-۳۳، ۴۱-۴۶۔

5۔ **بائبل کی یاد کی ہوئی آیات آپکو خاندان میں یقین کامل اور اُسکی عادت بنانے کے عمل میں قائل بناتی ہیں۔**

پڑھیں: اِستثنا ۶:۴-۹۔

6۔ **بائبل کی یاد کی ہوئی آیات آپکی تعلیم کو مستند اور عقلمند بناتی ہیں۔**

پڑھیں: متی ۷:۲۷-۲۸؛ متی ۷:۲۸-۲۹؛ کلسیوں ۳:۱۶۔

7۔ **بائبل کی یاد کی ہوئی آیات خوشخبری کے متعلق آپکی تحریر اور پیغام کو طاقت ور بناتی ہیں۔**

پڑھیں: یرمیاہ ۲۳:۲۸؛ عبرانیوں ۴:۱۲؛ ۲-کرنتھیوں ۱۰:۳-۱۵۔

8۔ **بائبل کی یاد کی ہوئی آیات آپکو اعتماد کے ساتھ خدا کی مرضی کے طور پر دُعا کرنے میں مدد کرینگی جو کہ خدا نے پہلے ہی بائبل میں نازل کیا ہے۔**

پڑھیں: پیدائش ۳۲:۹-۱۲؛ خروج ۳۲:۹-۱۴۔

ب۔ بائبل کی آیات پر مراقبے/غور وخوض کا طریقہ

مسیحیوں کے غور وخوض کے مندرجہ ذیل حصے ہیں:

1: سوچ وبچار۔

مختلف اِلفاظ کے معنی کے بارے میں سوچ وبچار کریں۔

خود سے یہ سوال کریں، کون؟ کیا؟ کب؟ کہاں؟ کیسے؟

2: دُعا۔

خدا سے دُعا میں پوچھیں کے اُسکا آپکو کیا سکھانے کا اِرادہ ہے۔ دُعا میں خدا سے سچائیوں کے مطلب اور ممکن اِطلاقات پر بات چیت کریں اور خدا جو کہے اُسکا جواب دیں۔

3 **تعلق۔**

بائبل کی آیات کی سچائیوں کا تعلق اپنی ذاتی زندگی یا اِس دُنیا سے بنائیں جس میں آپ رہتے ہیں۔

اپنے آپ سے مندرجہ ذیل سوال کریں:

اِس آیت کی روشنی میں میری کیا ضرورت ہے؟ کونسا سچ مجھے قوت اور تازگی بخشتا ہے؟ خدا کیا چاہتا ہے کہ مَیں جانوں، ایمان رکھوں، بنوں، کروں؟

اپنے مراقبے کی سب سے اہم سوچ کو ڈائری میں درج کریں۔

ج۔ بائبل کی آیات کو یاد کرنے کا طریقہ

بائبل کی آیات، ابواب یا کتابوں کو یاد کرنے کے مندرجہ ذیل حصے ہیں:

1: **چنیں۔ بائبل** کی آیات کو یاد کرنے کے نظام کو چنیں (کارڈ یا ڈائری)۔

2 **مراقبہ خوبخوبی۔** آپ آیات کو یاد کرنے سے پہلے اُن پر مراقبہ کریں اور اُنکو سمجھیں۔

3 **لکھیں۔** آیت کو کارڈ یا ڈائری کے صفحے پر مندرجہ ذیل طریقے سے لکھیں:

☆ پہلی سطر میں عنوان یا موضوع لکھیں۔

☆ آیت کے حوالے کو دوسری سطر میں لکھیں۔

☆ ایک لکیر کھینچیں اور اُسکے نیچے آیت لکھیں۔

☆ سب سے نیچے ورکارڈ کی پشت پر آیت کے حوالے کو لکھیں، مثال کے طور پر:

مثال کے طور پر:

نجات کی یقین دہانی (یوحنا ۱۰:۲۸) "مَیں اُنہیں ہمیشہ زندگی بخشتا ہُوں اور وہ ابد تک کبھی ہلاک نہ ہونگی اور کوئی اُنہیں میرے ہاتھ سے چھین نہ لیگا" (یوحنا ۱۰:۲۸)	**یوحنا ۱۰:۲۸**

4: **یاددہانی۔** بائبل کی آیات کو صحیح طرح سے یاد کریں۔

☆ ہمیشہ عنوان یا موضوع، آیت کے حوالے اور آیت کی پہلی سطر سے اِبتدا کریں۔ جب آپ اِسکو بغیر غلطی کے دوہرا سکیں تو پھر دوسری سطر کا اندراج کریں اور شروع سے دوہرائیں۔ عنوان، حوالہ اور آیت کی دونوں سطریں۔ اور جب آپ اُس کو بھی بغیر غلطی کے دوہرا سکیں تو تیسری سطر کا اندراج کر کے شروع سے دوہرائیں۔ عنوان، حوالہ اور آیت کی تینوں سطریں وغیرہ وغیرہ۔

☆ بائبل کی آیات کو علیحدہ حصوں میں یاد نہ کریں، اِس طرح آپ اُنکے درمیانی تعلق کو یاد نہیں کر پائینگے۔ جب بھی آپ آیت کو دوہرائیں، شروع سے اِبتدا کریں۔

☆ ہمیشہ آیت کے حوالے کو آخر میں دوہراتے ہوئے ختم کریں۔ آیت کا حوالہ عام طور پر یاددہانی کیلئے مشکل حصہ ہوتا ہے۔

☆ اِس لئے آیات کو یاد کرنے کا صحیح طریقہ ہے عنوان، حوالہ، آیت کا متن اور آیت کا حوالہ۔

د۔ یادکی ہوئی آیات کا جائزہ لینے کا طریقہ

پچھلی یادکی ہوئی آیات کو دوہرانے کے مندرجہ ذیل حصے ہیں:

1۔ جائزہ

پچھلی یادکی ہوئی 5 آیات کو روزانہ دوہرانا اُنکا جائزہ لینا ہے۔بار بار دوہرانا ،بائبل کی آیات کو یاد کرنے اور صحیح طور سے حوالہ دینے کا بہترین طریقہ ہے۔لہٰذا،5 ہفتوں تک روزانہ پچھلی یاکی ہوئی 5 آیات کا جائزہ لیں۔اِسی طرح جب آپ ہرنئی آیت کو 35 بار دوہراتے ہیں جب ہی وہ پچھلی یادکی ہوئی آیات کے جائزے میں شمار ہونگی۔

2۔ پچھلی آیات کا جائزہ

اِسکا مطلب 3 ہفتوں میں ایک بار تمام یادکی ہوئی آیات کا جائزہ لینا ہے۔یہ تمام آیات کو یاد کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔چنانچہ،پچھلی یادکی ہوئی 100 آیات میں سے 5 آیات کو روزانہ دوہرائیں اور تمام آیات کا 3 ہفتے میں ایک بار جائزہ لیں۔

3۔ اُٹھانا

اپنی یاددہانی کے کارڈ یا ڈائری کو کام پر ساتھ لے جائیں۔دِن یا سفر کے دوران آیات کو دوہرائیں۔مراقبہ اور دُعا کریں۔پچھلی یادکی ہوئی 5 آیات کو دوہرائیں۔پرانے جائزے کے طریقے میں کچھ آیات کا جائزہ لیں اور آیات کے مواد پر مراقبہ اور دُعا کریں۔

4۔ جانچ پڑتال

ایکدوسرے کی جانچ پڑتال کریں اور دیکھیں کہ آپ نے بائبل کی آیات کو صحیح طرح سے یاد کیا ہے۔ہر ملاقات میں دو لوگوں کی صورت میں بٹ کر ایکدوسرے کی بائبل سے یادکی ہوئی آیات کا جائزہ لیں۔ایک دوسرے کی جانچ پڑتال کریں اور دیکھیں کے آپکو آیت کا عنوان،حوالہ،آیت اور پوری آیت بغیر غلطی کے یاد ہے۔اِشارے کے طور پر کبھی عنوان یا مضمون،کبھی آیت کا حوالہ اور کبھی آیت کے پہلے چند لفظ بیان کریں۔

ہ۔ زبانی یادکی ہوئی آیات کی فہرست

A۔ مسیحی یقین دہانی

1: نجات کی یقین دہانی: یوحنا۱۰:۲۸۔
2: جواب پائی ہوئی دُعا کی یقین دہانی: یوحنا۱۶:۲۴۔
3: فتح کی یقین دہانی: ۱-کرنتھیوں۱:۹۔
4: معافی کی یقین دہانی: ۱-یوحنا۱:۹
خدا کی راہنمائی کی یقین دہانی: اِمثال۳:۵-۵۔

B۔ مسیح میں نئی زندگی

1: مسیح: ۲-کرنتھیوں۵:۱۷۔
2: کلام: متی۴:۴۔
3: دُعا: یوحنا۱۵:۷۔
4: رفاقت وشراکت: ۱-یوحنا۱:۷۔
5: گواہی دینا: متی۱۰:۳۲۔

C۔ خوشخبری

1: گناہ کی فطرت: رومیوں۳:۲۳۔
2: گناہ کی سزا: واِعظ۱۲:۱۴۔
3: گناہوں کا کفارہ: رومیوں۵:۸۔
4: نجات کا تحفہ: اِفسیوں 9-8:2۔
5: ایمان کے وسیلے نجات: یوحنا۱:۱۲۔

D۔ شاگردیت

1: خُداوندیت: رومیوں۱۲:۱۲۔
2: اِنکار: لوقا۹:۲۳۔
3: خدمت: مرقس۱۰:۴۵۔
4: دینا: ۲-کرنتھیوں۹:۶-۷۔
5: شاگرد بنانا: متی۲۸:۱۸-۲۰۔

E۔ مسیحی کردار

1: مسیح کے مُشابہ: ۲-کرنتھیوں۴:۱۸۔
2: پاکیزگی: ۱-پطرس۲:۱۱۔
3: محبت: مرقس۱۲:۳۰-۳۱۔
4: ایمان: رومیوں۴:۲۰-۲۱۔
5: انکساری: کلسیوں۲:۳-۴۔

F۔ مسیحی شادی کیلئے تیاری

1: دونوں اِیماندار ہوں: ۲-کرنتھیوں۶:۱۴۔
2: زندگی کے ایک جیسے مقاصد ہوں: عاموس۳:۳۔
3: پرہیزگار ہوں: ۱-تھسلنیکیوں۴:۳-۵۔
4: بروقت: واعظ۸:۵ب-۶ الف۔
5: واجب ترجیحات: متی۶:۳۳۔

G۔ مسیحی شادی

1: ماں باپ کو چھوڑنا اور بیوی سے مِلا رہنا: پیدائش۲:۲۴۔
2: محبت اور راہنمائی: اِفسیوں۵:۲۳، ۲۵۔
3: محبت اور تابعداری: طِطس۲:۴-۵۔
4: مسائل کو حل کرنا: متی۵:۲۳-۲۴۔
5: ثابت قدمی پر قائم رہنا: اِمثال۳:۳-۴۔

H۔ مسیحی والدین

1 خرچ کرنے کے ذریعے محبت کرنا: ۲-کرنتھیوں۱۲:۱۴ب-۱۵ الف۔
2: سب راہوں میں ترقی: اِمثال۲۲:۶۔
3: خدا کا کلام سکھانا: اِستثنا۶:۶-۷۔
4: خداوند میں نشوونما کروانا: اِفسیوں۶:۴۔
5: تربیت کے ذریعے محبت: اِمثال۱۳:۲۴۔

I۔ خدا کی بادشاہت

1: بادشاہت میں داخل ہوں: یوحنا۳:۳، ۵۔
2: بادشاہت میں بچوں کا اِستقبال: لوقا۱۸:۱۶-۱۷۔
3: خدا کی بادشاہت کی تبلیغ/منادی: متی۲۴:۱۴۔
4: بادشاہت کی خدمت کرتے ہُوئے کبھی پیچھے مُڑ کر نہیں دیکھنا: لوقا۹:۶۲۔
5: بادشاہت کا برپا ہونا: دانی ایل۲:۴۴۔

J۔ مسیحی کلیسیا

1: کلیسیا کی نوعیت: ۱-پطرس۲:۵۔
2: کلیسیا کی سرگرمیاں: اعمال۲:۴۲۔
3: کلیسیائی خدمات: اِفسیوں۴:۱۲-۱۳۔
4: کلیسیا کے لیڈروں کا کام: اعمال۲۰:۲۸۔
5: کلیسیا کا جلال: اِفسیوں۳:۲۰-۲۱۔

K۔ خدا کی عظمت

1: خدا لاجواب ہے: یسعیاہ۴۰:۲۵-۲۶۔
2: سارا جلال خُدا کے لئے ہے ۱-تواریخ۲۹:۱۱۔
3: خدا خودمختار ہے: اِفسیوں۱:۱۱-۱۲۔
4: عالمِ کُل ہے: عبرانیوں۴:۱۳۔
5: خدا قادرِ مُطلق ہے: یرمیاہ۳۲:۱۷۔

L۔ خدا کے وسائل

1: خدا کی حضوری: عبرانیوں۱۳:۵-۶۔
2: خدا کا کلام: زبور۱۱۹:۱۰۵۔
3: خدا کی قُدرت: یسعیاہ۴۰:۱۰۔
4: خدا کی حکمت: یعقوب۱:۵۔
5: خدا کی شفا: ۲-تواریخ۷:۱۴۔